# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

3

Date: 25 September-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۵/ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ اسکولی طلبہ کی حفاظت سے متعلق مرکزی حکومت کے رہنما خطوط کو سبھی ریاستوں میں نافذ کرنے کی عدالتِ عظمیٰ کی ہدایت۔

☆ مذہبی مقامات کی ترقی کیلئے 305 کروڑ 63 لاکھ روپے کے منصوبوں کو ریاستی سطح کی کمیٹی کے اجلاس میں منظوری۔

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کا چھترپتی سمبھاجی نگر میں بی جے پی عہدیداران کے ہمراہ جائزاتی اجلاس منعقد۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں زوردار بارش، جائیکواڑی اور تیرنا آبی پشتوں سے پانی کا اخراج۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

عدالتِ عظمیٰ نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کو اسکولوں میں بچوں کی حفاظت سے متعلق مرکزی حکومت کے رہنما خطوط پر عمل درآمد کرنے کی ہدایت دی ہے۔ قومی حقوقِ اطفال تحفظ کمیشن کو اس سلسلے میں ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے ساتھ ربط رکھ کر رہنما خطوط پر عمل درآمد کی نگرانی کرنے کی ہدایت بھی عدالتِ عظمیٰ نے دی ہے۔ ریاست کے بدلاپور سمیت چند اسکولوں میں بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے حالیہ واقعات کے تناظر میں ''بچپن بچاؤ آندولن'' نامی این جی او نے عدالتِ عظمیٰ میں ایک عرضی داخل کی تھی۔ اس عرضی پر سنوائی کے دوران جسٹس بی وی ناگرتنا اور جسٹس این کوٹسور سنہہ کی بینچ نے یہ فیصلہ دیا۔ عدالت نے مرکزی حکومت کو اپنے رہنما خطوط کی نقولات تمام ریاستوں کے چیف سکریٹریوں کو بھیجنے کی ہدایت بھی کی ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے مختلف مذہبی مقامات کی ترقی کیلئے تقریباً 305 کروڑ 63 لاکھ روپے کے منصوبوں کو ریاستی اعلیٰ سطحی کمیٹی کے اجلاس میں منظوری دی گئی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی سربراہی میں کل یہ اجلاس منعقد ہوا۔ اس منصوبے میں شریکشیتر پنڈھرپور میں عقیدت مندوں کیلئے لگائے جانے والے درشن پنڈال اور درشن کی قطار کیلئے 129 کروڑ 49 لاکھ روپے کے کام بھی شامل ہیں۔ ناسک ضلع کے بھگور میں وِیر ساورکر کے کارناموں سے متعلق تھیم پارک، جلگاؤں ضلع کے املنیر میں منگل گرہ مذہبی مقام کا ترقیاتی منصوبہ، امراوتی ضلع کے دریاپور میں رُن موچن علاقے کا ترقیاتی منصوبہ، بیڑ ضلع میں شریکشیتر گہینی ناتھ گڑھ کا ترقیاتی منصوبہ، نیز دہشت گرد اجمل قصاب کو زندہ پکڑنے والے شہید تکارام اومبلے کے ستارا ضلع میں واقع آبائی گاؤں کینڈبے میں ایک یادگار کی تعمیری کاموں کو بھی اس اجلاس میں منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ان تمام ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈز کی فراہمی کو بھی منظوری دی گئی۔ اس اجلاس میں پونے میٹروپولیٹن ڈیولپمنٹ ادارہ کے تین ہزار 838 کروڑ 61 لاکھ روپے کے بجٹ کو بھی منظوری دی گئی۔

***** ***** *****

آئندہ اسمبلی انتخابات میں مراٹھواڑہ میں کم از کم 30 نشستیں جیتنے کا عزم مرکزی وزیر داخلہ اور بی جے پی رہنما امت شاہ نے ظاہر کیا ہے۔کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں پارٹی عہدیداران کے ہمراہ ایک رابطہ اجلاس سے وہ خطاب کر رہے تھے۔اس اجلاس میں علاقے کے پارٹی قائدین موجود تھے۔
دریں اثنا،کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں امیت شاہ، وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اور نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کے درمیان نشستوں کی تقسیم سے متعلق بھی بات چیت ہوئی۔بعدازاں وزیر اعلیٰ شندے نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے اس سلسلے میں جلد ہی تفصیلات بتلانے کا اعلان کیا۔

***** ***** *****

اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی آمدنی میں اضافے کیلئے زیادہ سے زیادہ آمدنی دینے والے ڈرائیوروں اور کنڈکٹروں کو ایس ٹی کی جانب سے نقد ترغیبی بھتہ دے کر ان کا اعزاز کیا جائے گا۔اس مقصد کیلئے،بس کے ہر راؤنڈ کیلئے مقررہ ہدف سے زیادہ آمدنی کی 20 فیصد رقم متعلقہ ڈرائیور اور کنڈکٹر میں یکساں طریقے سے ترغیبی بھتے کے طور پر تقسیم کی جائے گی۔مذکورہ ترغیبی بھتہ ڈرائیور اور کنڈکٹر کے دفتر لوٹنے کے بعد اسی دن نقد رقم کی شکل میں دیا جائے گا۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنما' منوج جرانگے پاٹل جالنہ ضلعے کے آنتر والی سراٹی میں گزشتہ آٹھ دنوں سے بھوک ہڑتال کر رہے ہیں۔کل ان کی طبعیت خراب ہوجانے کی اطلاع کے بعد مراٹھا سماج کے افراد نے دھولیہ۔شولا پور قومی شاہراہ پر احتجاجی مظاہرہ کیا۔
دریں اثنا، دیگر پسماندہ طبقات او بی سی کی جانب سے منگیش سسانے، بابا صاحب بٹُوڑے،سنتوش وِرکر، بالا صاحب دَکھنے،شرد راٹھوڑ، وِٹھل تڑ یکر نے بھی 18 ستمبر سے آنتر والی سراٹی میں بھوک ہڑتال شروع کر رکھی ہے۔اس دوران کل صحافیوں سے بات کرتے ہوئے سسانے' نے بزرگ قائد شرد پوار اور راج رَتن امبیڈکر سے جرانگے کے مطالبات پر اپنے مؤقف کی وضاحت کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے مختلف مقامات پر کل زوردار بارش ہوئی۔
پربھنی ضلعے میں کل بجلی کی کڑکڑاہٹ اور بادلوں کی گھن گرج کے ساتھ طوفانی بارش ہوئی۔چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں بھی کل زوردار بارش ہوئی۔
جالنہ شہر سمیت ضلعے کے بیشتر علاقوں میں کل گھن گرج کے ساتھ بارش ہوئی۔جعفر آباد تعلقے کے سون گری میں کھیتوں میں سویابین کی کٹائی کا کام کر رہی ایک خاتون گیتا بائی موڑ ونڈے پر بجلی گرنے سے اس کی موت واقع ہوگئی۔اسی طرح عنبڑ تعلقہ کے کاٹ کھیڑہ میں بجلی گرنے سے ایک گائے فوت ہوگئی۔
دھاراشیو ضلعے کے،لوہارا تعلقے کے ماکنی کا نمن۔تیرنا آبی پشتہ پوری طرح بھر جانے کے بعد اس پشتے کے چار دروازے کل کھول دیئے گئے۔فی الحال اس آبی منصوبے سے سے ایک ہزار 530 مکعب فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کا اخراج جاری ہے۔جس کے پیشِ نظر دھاراشیو اور لاتور اضلاع میں ندی کے کنارے آباد دیہاتوں کے ساکنان کو محصول انتظامیہ کی جانب سے گاؤں میں منادی کروا کر خبردار رہنے کی ہدایت دی ہے۔
بیڑ ضلعے کا مانجرا آبی منصوبہ بھی 90 فیصد سے زائد بھر چکا ہے۔آبپاشی انتظامیہ نے بتایا ہے کہ پانی کی آمد میں اضافے کی صورت میں کسی بھی وقت ڈیم سے پانی چھوڑا جا سکتا ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے پیٹھن کا جائیکواڑی آبی منصوبہ بھی ساڑھے 99 فیصد سے زیادہ بھرا ہوا ہے اور چھ ہزار 288 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے نہر کے ذریعے گوداوری ندی میں پانی چھوڑا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

دریں اثنا' پربھنی، ناندیڑ، ہنگولی، بیڑ' ان چار اضلاع کیلئے آج یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔لہٰذا سویابین کی کٹائی کے دوران بارش کی وجہ سے فصلوں کونقصان سے بچانے کا خیال رکھنے اور مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی اپیل وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کے محکمہ موسمیات نے کسانوں سے کی ہے۔

***** ***** *****

تُلجا پور میں تُلجا بھوانی دیوی کی منچکی نِدرا کا کل سے آغاز ہوا۔کل شام کی ابھیشیک پوجا کے بعد تُلجا بھوانی دیوی کو شیج گرہ میں چاندی کے پلنگ پر بٹھایا گیا۔نو دِنوں کی منچکی نِدرا ختم ہونے کے بعد تین اکتوبر کی صبح دیوی تُلجا بھوانی کو تخت نشین کیا جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن اور دیوگری کالج کے اشتراک سے ''صفائی ہی خدمت'' پندھرواڑے کے موقع پر کل انسانی زنجیر بنا کر طلبہ کو اتحاد و بھائی چارہ کا پیغام دیا گیا۔1300 طلبہ نے اس مہم میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

پربھنی میں ریاستی سطح کے اسکول ٹیبل ٹینس مقابلوں کا کل سے آغاز ہوا۔رُکنِ پارلیمان سنجئے جادھو' ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے اس موقعے پر موجود تھے۔کل 26 ستمبر تک چلنے والے اس ٹورنامنٹ میں ریاست بھر کے 26 اضلاع کی 54 ٹیموں کے 470 کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں۔

***** ***** *****

گڑھ چرولی ضلعے کی سرحد سے منسلک چھتیس گڑھ ریاست کے نارائن پور ضلعے میں پولس کے ساتھ ہوئی مڈبھیڑ میں تین نکسلیوں کو مار گرایا گیا ہے۔ مہلوکین میں زونل کمیٹی کا رُکن رُوپیش مڈاوی بھی شامل ہے۔اس پر 25 لاکھ روپئے کا انعام تھا۔

***** ***** *****

عالمی یومِ سیاحت کی مناسبت سے پرسوں 27 ستمبر کو دھاراشیو ضلعے کے تیر میں ہیریٹیج واک کا اہتمام کیا گیا ہے۔تیر کے ترِی وِکرم مندر سے ہیریٹیج واک کا آغاز ہوگا۔تیر علاقے کی تاریخی ورثوں سے سیاحوں کو واقف کروانے اور ضلعے میں سیاحت کو فروغ دینے کے مقصد سے جن جاگرتی سنستھا کی جانب سے اس واک کا اہتمام کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

آئندہ 10 نومبر کو ہونے والے TET یعنی مہاراشٹر اساتذہ اہلیتی امتحان کی آن لائن درخواست دہی کی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔اس کی آخری مہلت 30 ستمبر ہے۔ریاستِ مہاراشٹر امتحان کونسل کے نائب کمشنر سنجئے کمار راٹھوڑ نے یہ اطلاع دی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسکولی طلبہ کی حفاظت سے متعلق مرکزی حکومت کے رہنما خطوط کو سبھی ریاستوں میں نافذ کرنے کی عدالتِ عظمیٰ کی ہدایت۔

☆ مذہبی مقامات کی ترقی کیلئے 305 کروڑ 63 لاکھ روپئے کے منصوبوں کو ریاستی سطح کی کمیٹی کے اجلاس میں منظوری۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کا چھترپتی سمبھاجی نگر میں بی جے پی عہدیداران کے ہمراہ جائزاتی اجلاس منعقد۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں زوردار بارش، جائیکواڑی اور تیرنا آبی پشتوں سے پانی کا اخراج۔

***** ***** *****